PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE
LAHORE, 12 APRIL 2021

پی سی بی ہال آف فیم میں شمولیت پر ظہیر عباس، وسیم اکرم اور وقار یونس مسرور

لیجنڈری کرکٹرز ظہیر عباس، وسیم اکرم اور وقار یونس نے پی سی بی ہال آف فیم کا حصہ بننے پر خوشی کا اظہار کیا ہے۔

ان تین سابق کھلاڑیوں کے علاوہ عمران خان، جاوید میانداد اور حنیف محمد بھی پی سی بی ہال آف فیم میں شامل ہیں۔ پی سی بی نے ابتدائی طور پر آئی سی سی ہال آف فیم میں شامل تمام چھ پاکستانی کرکٹرز کو پی سی بی ہال آف فیم کا حصہ بنایا ہے۔

رواں برس سمیت اب ہر سال مزید تین شخصیات اس فہرست میں شامل ہوتی رہیں گی۔ پی سی بی ہال آف فیم میں شامل ہونے والی نئی شخصیات کا اعلان ہر سال 16 اکتوبر کو کیا جائے گا۔ یہ وہی تاریخ ہے جب 1952ء میں پاکستان نے پہلی مرتبہ کوئی ٹیسٹ میچ کھیلا تھا۔

انٹرنیشنل کرکٹ سے کم از کم پانچ سال قبل ریٹائر ہونے والے کرکٹر پی سی بی ہال آف فیم کا حصہ بننے کے اہل ہوں گے۔

ظہیر عباس:

78 ٹیسٹ میچوں میں 5062 رنز بنانے والے ظہیر عباس کا کہنا ہے کہ پی سی بی ہال آف فیم کا حصہ بننا ان کے لیے مسرت کا باعث ہے۔ انہوں نے کہا کہ اپنے ادارے کی طرف سے ملنے والے ایسے اعزازات کسی بھی اسپورٹس مین کی محنت کا ثمر ہوتے ہیں۔

ظہیر عباس نے مزید کہا کہ ان اعزازات سے نہ صرف نوجوان کھلاڑیوں میں ملک کی نمائندگی کا جذبہ بڑھے گا بلکہ وہ محنت کو بھی اپنا شعار بنائیں گے۔

وسیم اکرم:

104 ٹیسٹ میچوں میں 414 وکٹیں اور 356 ون ڈے انٹرنیشنل میچز میں 502 وکٹیں حاصل کرنے والے لیجنڈری فاسٹ باؤلر وسیم اکرم کا کہنا ہے کہ پی سی بی ہال آف فیم کا حصہ بننا ان کے لیے قابل فخر لمحہ ہے، فی الحال پی سی بی نے آئی سی سی ہال آف فیم میں شامل چھ پاکستانی کرکٹرز کو پی سی بی ہال آف فیم میں شامل کیا ہے، انہیں امید ہے کہ ہر سال مزید مایہ ناز پاکستانی کرکٹرز اس فہرست کا حصہ بنتے چلے جائیں گے۔

انہوں نے کہا کہ وہ اس اقدام کے آغاز پر پی سی بی کو مبارکباد پیش کرتے ہیں، ایسے اقدامات سے نوجوان کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے۔

وقاریونس:

پاکستان کی جانب سے 87 ٹیسٹ میچوں میں 373 وکٹیں حاصل کرنے والے وقاریونس نے ایک روزہ انٹرنیشنل کرکٹ میں 262 میچز میں 416 وکٹیں حاصل کی تھیں۔ ان کا کہنا ہے کہ پی سی بی ہال آف فیم کا حصہ بننے پر وہ بہت خوش ہیں۔

وقاریونس کا کہنا ہے کہ بطور کھلاڑی، کپتان، کوچ اور کمنٹیٹر وہ اپنی زندگی کے 30 سال اسی کھیل کے نام کرچکے ہیں، خوشی ہے کہ آج اسی کھیل کی وجہ سے انہیں ایک اور اعزاز سے نوازا جارہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کی نمائندگی کرتے ہوئے دنیائے کرکٹ کے مختلف میدانوں پر باؤلنگ کرنے پر انہیں فخر ہے، یہ اعزازات نوجوانوں میں کرکٹ کا شوق اور جذبہ بڑھائیں گے۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications

HELP PREVENT CORONAVIRUS

WASH HANDS | KEEP THE DISTANCE | AVOID CROWD | WEAR MASK | COUGH IN THE ELBOW | KEEP HYDRATED | STAY AT HOME

National Team Partners | **Domestic Partners** | **Broadcast Partners**

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4